⊗	ابو عبید القاسم:	بن سلّام الہروی (نواح ۱۵۴ھ/ ۷۷۰ء - ۲۲۴ھ/ ۸۳۸ء)، مشہور عرب نحوی، فقیہ، عالم، ماہر معاشیات اور متعدّد اہم کتب غریب الحدیث، غریب المصنف، غریب القرآن، کتاب الاموال اور کتاب الامثال کا مصنّف.	۵۱۸	۱
✱	ابو عبیداللہ:	معاویہ بن عبیداللہ بن یسار الاشعری، عباسی خلیفہ المہدی کا وزیر (م ۱۷۰ھ/ ۷۸۶ء).	۵۱۹	۲
✱	ابو عبیدہ التمیمی:	رکّ بہ اباضیہ.	۵۱۹	۲
⊗	ابو عبیدہؓ:	عامر بن عبداللہ بن الجراح، امین الامّۃ، عشرۂ مبشّرہ میں شامل مشہور صحابی اور سپہ سالار (م ۱۸ھ/ ۶۳۹ء).	۵۱۹	۲
✱	ابو عبیدہ:	معمر بن المُثنّٰی (۱۱۰ھ/ ۷۲۸ء - ۲۰۹ھ/ ۸۲۴ء)، عرب ماہر لسانیات اور مصنّف کتاب الخیل، غریب الحدیث ومجاز القرآن.	۵۲۲	۱
✱	ابو العتاہیہ:	ابو اسحٰق اسمٰعیل بن القاسم بن سُوَید بن کیسان (۱۳۰ھ/ ۷۴۸ء - ۲۱۰ھ/ ۸۲۵ء)، عہد عباسی کا ممتاز شاعر.	۵۲۳	۲
✱	ابو العرب:	محمد بن تمیم بن تمام التمیمی (نواح ۲۵۵ھ/ ۸۶۹ء - ۳۳۳ھ/ ۹۴۵ء)، مالکی فقیہ، محدث، مؤرخ، شاعر اور طبقات علماء افریقیہ کا مصنّف.	۵۲۴	۲
✱	ابو عَرُوبہ:	الحسین بن ابی معشر محمد بن مودود السُّلَمی الحرّانی (نواح ۲۲۲ھ/ ۸۳۷ء - ۳۱۸ھ/ ۹۳۰ء)، حرّان کا عالم حدیث اور مصنّف طبقات.	۵۲۵	۱
✱	ابو عریش:	ولایت عسیر کا معروف قصبہ.	۵۲۵	۱
✱	ابو عطاء السندی:	افلح (یا مرزوق) بن یسار، آخری اموی دور کا ایک مشہور صاحب سیف و قلم شاعر (م نواح ۱۵۸ھ/ ۷۷۴ء).	۵۲۵	۲
⊗	ابو العلاء المعرّی:	احمد بن عبداللہ بن سلیمان (۳۶۳ھ/ ۹۷۳ء - ۴۴۹ھ/ ۱۰۵۷ء)، مشہور نابینا عرب شاعر، فلسفی اور مصنّف.	۵۲۶	۱
✱	ابو علی:	(Al Bohali)، رکّ بہ الخیّاط.	۵۳۰	۱
✱	ابو علی بن سینا:	رکّ بہ ابن سینا.	۵۳۰	۱
✱	ابو علی القالی:	رکّ بہ القالی.	۵۳۰	۱
✱	ابو علی (بوعلی) قلندرؒ:	شیخ شرف الدین پانی پتی، ہندوستان کے ایک بزرگ ولی اللہ، شاعر اور مصنّف (م نواح ۷۲۴ھ/ ۱۳۲۴ء).	۵۳۰	۱
✱	ابو علی محمد بن الیاس:	رکّ بہ الیاسیہ.	۵۳۰	۲
✱	ابو عمرو زبّان بن العلاء:	بن عمار التمیمی، قرآن مجید کا مشہور قاری اور نحو میں دبستان بصرہ کا بانی (م نواح ۱۵۴ھ/ ۷۷۰ء).	۵۳۰	۲
✱	ابو عِنان فارِس:	(۷۲۹ھ/ ۱۳۲۹ء - ۷۵۹ھ/ ۱۳۸۵ء)، فاس کے بنو مرین [رکّ بآں] کا گیارھواں تاجدار (از ۷۴۹ھ/ ۱۳۴۸ء).	۵۳۲	۲
✱	ابو عون:	عبدالملک بن یزید الخراسانی، بنو عباس کا سپہ سالار، مصر اور خراسان کا والی (حیات ۱۵۹ھ/ ۷۷۶ء).	۵۳۳	۱
✱	ابو عیسٰی الاصفہانی:	عہد بنی امیہ کا یہودی کذاب، مسیح ہونے کا مدعی اور فرقۂ عیسویہ کا بانی.	۵۳۳	۲
✱	ابو عیسٰی:	محمد بن ہارون الوراق، سابقاً معتزلی اور بعد ازاں یکے از ملاحدۂ اسلام، مصنّف المقالات وغیرہ (م نواح ۲۴۷ھ/ ۸۶۱ء).	۵۳۳	۲
✱	ابو العَیناء:	محمد بن القاسم بن خلّاد بن یاسر بن سلیمان الہاشمی (۱۹۰ھ/ ۸۰۵ء تا ۲۸۲ - ۲۸۳ھ/ ۸۹۶ء)، عربی زبان کا ادیب اور شاعر.	۵۳۴	۲
✱	ابو الغازی بہادر خان:	(۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء - ۱۰۷۴ھ/ ۱۶۶۳ء)، خیوا کا حاکم اور چغتائی مؤرّخ، مصنّف شجرۂ تراکمہ وغیرہ.	۵۳۴	۲
✱	ابو غانم:	بشر بن غانم الخراسانی: دوسری تیسری صدی ہجری/ آٹھویں نویں صدی عیسوی کا اباضی فقیہ اور مصنّف کتاب المدونۃ.	۵۳۵	۲
✱	ابو الفتح:	رکّ بہ (۱) ابن العمید؛ (۲) ابن الفرات؛ (۳) المظفر.	۵۳۶	۱
✱	ابو الفتوح حسن:	رکّ بہ مکّہ.	۵۳۶	۱
✱	ابو الفتوح الرازی:	(حیات مابین ۴۸۰ھ/ ۱۰۸۷ء و ۵۲۵ھ/ ۱۱۳۱ء)، ممتاز ایرانی شیعی مفسّر قرآن.	۵۳۶	۱

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
*	ابوالفداء:	اسمٰعیل (الافضل) علی بن (المظفر) محمود ..... بن شاہنشاہ بن ایوب الخاطب بہ الملک المؤید عماد الدین (۶۷۲ھ/ ۱۲۷۳ء – ۷۳۲ھ/ ۱۳۳۱ء)، شامی امیر، مؤرّخ، جغرافیہ دان، شاعر اور المختصر فی تاریخ البشر اور تقویم البلدان وغیرہ کا مصنّف.	۵۳۶	۲
*	ابوفُدیک:	عبداللہ بن ثور، بنوقیس بن ثعلبہ کا خارجی شورش پسند (م ۷۳ھ/ ۶۹۳ء).	۵۳۷	۲
*	ابوفراس الحمدانی:	الحارث بن ابی العلی سعید بن حمدان التغلبی (۳۲۰ھ/ ۹۳۲ء – ۳۵۷ھ/ ۹۶۸ء)، صاحب دیوان عرب شاعر.	۵۳۷	۲
*	ابوالفرج:	رکّ بہ (۱) الببغاء؛ (۲) ابن الجوزی؛ (۳) ابن العبری؛ (۴) ابن الندیم.	۵۳۸	۲
*	ابوالفرج الاصبہانی:	(الاصفہانی)، علی بن الحسین بن محمد بن احمد القرشی (۲۸۴ھ/ ۸۹۷ء – ۳۵۶ھ/ ۹۶۷ء) ممتاز عرب مؤرّخ، ادیب، شاعر اور ماہر موسیقی، مصنّف کتاب الاغانی وغیرہ.	۵۳۸	۲
⊗	ابوالفرج رونی:	ابن مسعود غزنوی، لاہور (بالفاظ دیگر برعظیم پاک و ہند) کا پہلا ممتاز صاحب دیوان فارسی شاعر اور استاد سخن (م نواح ۴۹۰ھ/ ۱۰۹۷ء).	۵۴۰	۱
*	ابوالفضل:	رکّ بہ العمید.	۵۴۲	۲
*	ابوالفضل بیہقی:	رکّ بہ بیہقی، ابوالفضل.	۵۴۲	۲
⊗	ابوالفضل علامی:	(۹۵۸ھ/ ۱۵۵۱ء – ۱۰۱۱ھ/ ۱۶۰۲ء)، مغل شہنشاہ اکبر کا مقرب، صدر الصدور، حاکم و سپہ سالار دکن، ممتاز فارسی ادیب اور صاحب طرز انشا پرداز، مصنّف اکبر نامہ، آئین اکبری، انشاے ابوالفضل وغیرہ.	۵۴۲	۲
*	ابوالفضل عیاض:	رکّ بہ عیاض.	۵۴۴	۱
*	ابوفُطرُس:	(Antipatris)، رکّ بہ نہر ابی فطرس.	۵۴۴	۱
*	ابوالقاسم:	ابوالمطہر محمد بن احمد کی حکایۃ ابی القاسم البغدادی کا چرب زبان اور مفت خورہ مرکزی کردار.	۵۴۴	۱
*	ابوالقاسم:	رکّ بہ الزہراوی، در آ، لائڈن، بار دوم.	۵۴۴	۲
*	ابوالقاسم بابُر:	رکّ بہ تیمور (بنو).	۵۴۴	۲
*	ابوقُبیس:	مکۂ معظّمہ میں مسجد حرام کے قریب ایک پہاڑ.	۵۴۴	۲
*	ابوقُرّہ:	تھیوڈور Theodore (نواح ۱۲۲ھ/ ۷۴۰ء – ۲۰۵ھ/ ۸۲۰ء)، حران کے عیسائی ملکی (Melkite) فرقے کا اسقف، عربی کا اوّلین عیسائی ادیب اور مصنّف.	۵۴۴	۲
*	ابوقَلَمَّس:	رکّ بہ قَلَمَّس.	۵۴۵	۱
*	ابوقلمون:	ایک مختلف المعانی اصطلاح.	۵۴۵	۱
*	ابوقیر:	(بُوقیر) اسکندریہ سے پندرہ میل مشرق میں بحیرۂ روم کے ساحل پر ایک چھوٹا سا قصبہ.	۵۴۵	۲
*	ابوکالیجار:	المرزبان بن سلطان الدولہ (۴۰۰ھ/ ۱۰۰۹ء – ۴۴۱ھ/ ۱۰۴۸ء) بویہی خاندان کا ایک شاہزادہ.	۵۴۶	۲
*	ابوکامل شُجاع:	بن اسلم بن محمد بن شجاع الحاسب المصری، تیسری چوتھی صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی میں الخوارزمی کے بعد جبر و مقابلہ کا دوسرا قدیم ترین مسلمان عالم اور قرون وسطٰی کے عظیم ترین ریاضی دانوں میں سے ایک، مصنّف الطرائف وغیرہ.	۵۴۸	۱
*	ابوکبیر الہُذَلی:	پہلی صدی ہجری/ ساتویں صدی عیسوی کا قدیم نامور عرب شاعر اور بقول ابن الاثیر و ابن الحجر صحابی رسول مقبولؐ.	۵۵۰	۱
*	ابوالکسیس:	(Abul Casis = ابوالقاسم)، رکّ بہ الزہراوی.	۵۵۰	۲
*	ابوکلب:	رکّ بہ سکہ.	۵۵۰	۲
*	اَبوکَلی:	ابوطیح کی مُحرّف شکل، مصر میں دشت بیوضہ سے المتمہ جانے والی شاہراہ پر واقع کنوؤں کا ایک مرکز.	۵۵۰	۲
⊗*	ابولہب:	عبدالعُزّٰی بن عبدالمطلب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا اور رسواے عالم دشمن اسلام (م ۲ھ/ ۶۲۴ء).	۵۵۱	۱
*	ابواللّیث سمرقندی:	نصر بن محمد بن احمد بن ابراہیم المعروف بہ امام الہدٰی، چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی کا حنفی عالم، مفتی اور متعدد کتب کا مصنّف (م مابین ۳۷۳ھ/ ۹۸۳ء و ۳۹۳ھ/ ۱۰۰۲ء).	۵۵۲	۱
⊗	ابوالمحاسن:	رکّ بہ ابن تغری بردی.	۵۵۲	۲
*	ابوالمحاسن یوسف بن محمد:	بن یوسف الفاسی (۹۳۸ھ/ ۱۵۳۱ء – ۱۰۱۳ھ/ ۱۶۰۴ء)، مراکش کا مشہور عالم دین اور صوفی شیخ.	۵۵۲	۲
*	ابومِحجَن:	عبداللہ (یا مالک یا عمرو) بن حبیب، بنو ثقیف کا ایک مخضرمی صاحب دیوان عرب شاعر اور مرد میدان (حیات ۱۶ھ/ ۶۳۷ء).	۵۵۳	۱
*	ابومحمد صالح:	بن ینصارن بن غفیان الدکالی، مشہور مراکشی صوفی بزرگ (م ۶۳۱ھ/ ۱۲۳۴ء).	۵۵۳	۲
*	ابومحمد عبداللہ:	بن محمد برکۃ العمانی، المعروف با بن برکہ، عمان کا اباضی مصنف (حیات ۳۲۸ھ/ ۹۳۹ء).	۵۵۴	۱

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
ابومخنف:	لوط بن یحییٰ بن سعید بن مخنف الازدی، دوراول کا عرب محدث اور مؤرخ (م ١٥٧ھ/ ٧٧٤ء).	٥٥٤	١
ابومدفع:	رک بہ سِکّہ.	٥٥٤	٢
ابومدین شُعیب:	بن الحسین (٥٢٠ھ/ ١١٢٦ء - ٥٩٤ھ/ ١١٩٧ء)، اندلس کے مشہور صوفی بزرگ، مصنّف اور شاعر.	٥٥٤	٢
ابومروان:	(Abumeron)، رک بہ ابن زُہر.	٥٥٥	٢
ابومُسلم:	خراسان میں عباسیوں کی انقلابی تحریک کا رہنما (م ١٣٧ھ/ ٧٥٤ء).	٥٥٥	٢
ابوالمعالی عبدالملک:	رک بہ الجوینی.	٥٥٦	٢
ابوالمعالی محمد بن عبیداللہ:	ایک ایرانی فاضل، مذاہب کے بارے میں پہلی فارسی کتاب بیان الادیان (٤٨٥ھ/ ١٠٩٢ء) کا مصنّف.	٥٥٦	٢
ابوالمعالی ہبۃ اللہ:	رک بہ ہبۃ اللہ.	٥٥٦	٢
ابومعشر جعفر بن محمد بن عمر البلخی:	(Albumasar)، ماہر ہیئت و علم نجوم اور مصنّف المدخل الکبیر وغیرہ (م ٢٧٢ھ/ ٨٨٦ء).	٥٥٧	١
ابومعشر نجیح:	بن عبدالرحمٰن السندی المدنی، ایک یمنی آزاد شدہ غلام، مؤرخ، مصنّف کتاب المغازی (م ١٧٠ھ/ ٧٨٧ء).	٥٥٨	١
ابومنصور الیاس النَّفُوسی:	تاہرت کے رستمی امام ابوالیقظان محمد بن افلح کی طرف سے جبل نفوسہ اور طرابلس کا والی (حیات ٢٦٦ھ/ ٨٧٩ء).	٥٥٨	١
ابومنصور:	(عبدالملک)، رک بہ الثعالبی.	٥٥٨	٢
ابوالمؤثر الصّلت:	بن خمیس البہلوی العمانی، عمان کا اباضی مؤرخ اور فقیہ، مصنّف الاحداث والصفات وغیرہ (حیات ٢٧٣ھ/ ٨٨٦ء).	٥٥٨	٢
ابوموسیٰؓ الأشعری:	رک بہ الاشعری.	٥٥٩	١
ابوالنَّجم العجلی:	الفضل (المُفضَّل) بن قدامہ، پہلی صدی ہجری/ ساتویں آٹھویں صدی عیسوی کا عرب شاعر (حیات ١٠٥ھ/ ٧٢٤ء).	٥٥٩	١
ابونصر:	رک بہ الفارابی.	٥٥٩	٢
ابونظارۃ:	یعقوب بن رفائیل صنوع، James Sanua، (١٢٥٥ھ/ ١٨٣٩ء - ١٣٣٠ھ/ ١٩١٢ء)، مصر کا پُرنویس یہودی صحافی اور تمثیل نگار، حسن الاشارۃ فی مسامرات ابی نظارۃ اور رحلۃ ابی نظارۃ وغیرہ کا مصنّف.	٥٥٩	٢
ابونُعیم الاصفہانی:	احمد بن عبداللہ الشافعی (٣٣٦ھ/ ٩٤٨ء - ٤٣٠ھ/ ١٠٣٨ء)، فقہ اور تصوف کا مستند عالم اور مصنّف حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء وغیرہ.	٥٦٠	١
ابونُعیم الفضل:	بن دُکین المُلائی (١٣٠ھ/ ٧٤٨ء - ٢١٩ھ/ ٨٣٤ء)، عالم حدیث، تاریخی اخبار کا ناقل اور مصنّف کتاب المناسک و کتاب المسائل فی الفقہ.	٥٦١	١
ابونُمّی اوّل و ثانی:	شرفائے مکہ؛ رک بہ مکّۃ المکرمۃ.	٥٦١	٢
ابونُواس:	الحسن بن ہانی الحکمی، عباسی دور کا مشہور ترین صاحب دیوان عرب شاعر (م نواح ١٩٩ھ/ ٨١٤ء).	٥٦١	٢
ابوالوفاء البُوزجانی:	محمد بن محمد بن یحییٰ (٣٢٨ھ/ ٩٤٠ء - ٣٨٨ھ/ ٩٩٨ء)، نامور عرب ریاضی دان اور مصنّف کتاب الامتاع والمؤانسۃ وغیرہ.	٥٦٤	١
ابوہاشم:	معتزلی عالم دین؛ رک بہ الجُبّائی.	٥٦٥	١
ابوہاشم:	عبداللہ بن محمد بن الحنفیہ، اواخر پہلی صدی ہجری/ ساتویں صدی عیسوی میں شیعیوں کے قائد اور ان کی شاخ کیسانیہ کے امام.	٥٦٥	١
ابوہاشم:	شریف مکہ، رک بہ مکّۃ المکرمۃ.	٥٦٥	٢
ابوالہُذیل العلّاف:	محمد بن الہذیل بن عبداللہ بن مکحول العبدی (نواح ١٣٤ھ/ ٧٥١ء - ٢٢٧ھ/ ٨٤٢ء)، معتزلہ کا پہلا متکلم، ادیب اور شاعر.	٥٦٥	٢
ابوہریرہؓ:	عُمیر بن عامر الدّوسی الیمانی، مشہور صحابی اور یکے از اساطین علم حدیث (م نواح ٥٨ھ/ ٦٧٨ء، بعمر ٧٨ سال).	٥٦٧	٢
ابوالہول:	جیزہ (مصر) کا سب سے بڑا اور شہرۂ آفاق بت.	٥٦٨	٢
ابوالہیجاء الحمدانی:	رک بہ بنوحمدان.	٥٦٩	١
ابویزید (بایزید) البِسطامیؒ:	طیفور بن عیسیٰ بن سروشان، معروف ترین مسلم صوفیائے کرام میں سے ایک (م ٢٦١ھ/ ٨٧٤ء یا ٢٦٤ھ/ ٨٧٧ء).	٥٦٩	١
ابویزید النُّکّاری:	مُخلد بن کَیداد (٢٧٠ھ/ ٨٨٣ء - ٣٣٦ھ/ ٩٤٧ء)، شمالی افریقیہ میں فاطمی حکومت کا باغی خارجی قائد.	٥٧٠	٢
ابویعزیٰ:	(یا یغزی) یلنّور بن میمون، چھٹی صدی ہجری/ بارھویں صدی عیسوی میں مشہور مراکشی ولی (م ٥٧٢ھ/ ١١٧٧ء).	٥٧٢	١
ابویعقوب السجزی:	اسحٰق بن احمد، چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی کا اسمٰعیلی داعی اور اپنے فرقے کا ایک اہم مصنّف.	٥٧٢	٢

	عنوان — اشارات	صفحہ	عمود
*	ابویعقوب الخُرَیمی: اسحٰق بن حسان بن قُوہی، عرب شاعر (م نواح ۲۰۶ھ/ ۸۲۱ء).	۵۷۳	۱
*	ابویعقوب یوسف: بن عبدالمؤمن، بنومؤمن یعنی الموحدون کا دوسرا حکمران (از ۵۵۸ھ/ ۱۱۶۳ء - ۵۸۰ھ/ ۱۱۸۴ء).	۵۷۳	۲
⊗	ابویعلی الفرّاء: محمد بن الحسین بن محمد بن خلف ابن احمد البغدادی، مشہور حنبلی امام، فقیہ اور ابطال التأویلات لاخبار الصفات کے مصنّف (م ۴۵۸ھ/ ۱۰۶۶ء).	۵۷۶	۱
*	ابویقظان محمد بن الافلح: رکّ بہ (بنو) رستم.	۵۷۷	۱
*	ابویوسف: یعقوب بن ابراہیم الانصاری الکوفی، ممتاز حنفی فقیہ، حنفی دبستان کے ایک بانی (رکّ بہ حنفیہ)، قاضی القضاۃ اور مصنّف کتاب الخراج وغیرہ (م ۱۸۲ھ/ ۷۹۸ء).	۵۷۷	۱
*	ابویوسف یعقوب: بن یوسف بن عبدالمؤمن المنصور، الموحدون کا تیسرا فرمانروا (م مابین ۵۸۰ھ/ ۱۱۸۴ء و ۵۹۵ھ/ ۱۱۹۹ء).	۵۷۸	۲
*	الأبواء: مکّہ معظّمہ سے مدینہ منورہ جانے والی شاہراہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا مقام وفات.	۵۸۰	۲
*	اَبواب: رکّ بہ دربند.	۵۸۰	۲
*	اَبہر: (اَوْہَر)، قزوین اور زنجان کی نصف راہ پر ایک چھوٹا قصبہ.	۵۸۰	۲
*	الأبہری: اثیرالدین مُفضّل بن عمر الابہری، حنفی ادیب اور فلسفۂ درسی کی دو مشہور کتابوں ہدایۃ الحکمۃ اور ایساغوجی کا مصنّف (م ۶۶۳ھ/ ۱۲۶۴ء).	۵۸۱	۱
*	اَبْہیٰ: (= ابہا)؛ سعودی عرب کے صوبہ عسیر [رکّ بآن] کا صدر مقام.	۵۸۱	۱
*	اَبیب: رکّ بہ تاریخ.	۵۸۲	۱
*	ابی سینیا: (Abyssinia)، رکّ بہ الحبش.	۵۸۲	۱
*	اَبیشے: رکّ بہ اَبشر.	۵۸۲	۱
*	اَبْیَن: (۱) یمن کی وادی بناء کا ایک ضلع؛ (۲) عدن کے شمال مشرق میں ایک چھوٹا سا مقام؛ (۳) بعض اشخاص کا نام.	۵۸۲	۱
*	ابی وَرد: (باوَرْد)، جمہوریہ ترکمان کا ایک ضلع اور شہر.	۵۸۲	۲
*	الأبیوردی: ابوالمظفر محمد بن احمد، صاحب دیوان شاعر اور نسّاب (م ۵۰۷ھ/ ۱۱۱۳ء).	۵۸۳	۲
*	اَپمیہ: (Apemea)، رکّ بہ افامیہ.	۵۸۴	۱
*	اپولونیوس تیانیہ: (Apollonius of Tyana)، رکّ بہ بلینوس.	۵۸۴	۱
*	اپُجّراس: (Alpujrass)، رکّ بہ البُشّرات.	۵۸۴	۱
*	الپونت: (Alpuante)، رکّ بہ البُنْت.	۵۸۴	۱
*	اَتا: (بمعنی باپ یا مورث اعلیٰ)، معزز و محترم افراد کے ناموں میں شامل لقب، مثلاً اتاترک.	۵۸۴	۱
*	اَتابک: (اتابیگ)، سلجوقیوں اور ان کے جانشینوں کے عہد میں ایک بلند مرتبہ عہدہ.	۵۸۴	۱
*	اتابک العساکر: (سپہ سالار اعظم)، عہد ممالیک میں سلطنت کا اہم ترین امیر.	۵۸۶	۲
*	اتابگ: Atalieg، رکّ بہ اتابک.	۵۸۶	۲
*	اَتابگ العساکر: رکّ بہ اتابک العساکر	۵۸۶	۲
⊗	اتاترک: غازی مصطفی کمال (۱۸۸۱ء - ۱۹۳۸ء)، جمہوریہ ترکیہ کے بانی اور پہلے صدر (از ۱۹۲۳ء).	۵۸۶	۲
*	اتالیق: اتابک [رکّ بآن] کے ہم معنی اصطلاح.	۵۹۸	۲
*	اَتبَرہ: سوڈان میں دریائے نیل کی ایک معاون ندی اور اس کے دہانے پر ایک شہر.	۵۹۸	۲
*	اِتحاد: علم کلام کی ایک اصطلاح.	۵۹۹	۱
*	اَتَر: موری تانیا کا ایک شہر اور حلقۂ اضرار کا صدر مقام.	۵۹۹	۲
*	اُترار: سیر دریا کے دائیں کنارے پر ایک ویران شہر.	۶۰۰	۱
*	اَترک: خراسان کے شمال میں ایک دریا.	۶۰۰	۲
*	اَتسِز بن اُوَق: عہد سلاجقہ کا ایک ترکمان سردار (م ۴۷۱ - ۴۷۲ھ/ ۱۰۷۹ء).	۶۰۱	۱
*	اَتسِز: بن محمد بن انوشتگین (نواح ۴۹۱ھ/ ۱۰۹۸ء - ۵۵۱ھ/ ۱۱۵۶ء)، انوشتگین خوارزم شاہ کا جانشین (از ۵۲۱ھ/ ۱۱۲۷ء).	۶۰۲	۱
*	اَتِک: سوویت ترکمستان کا ایک ضلع.	۶۰۲	۲

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
*	اَتل:	(اتل) یاخزران اتل)، قرونِ وسطیٰ میں جنوبی والگا پر سلطنت خزر کا دار الحکومت.	۶۰۳	۱
*	اتھوپیا:	رک بہ الحبشہ.	۶۰۳	۲
*	اَثینہ:	(ایتھنز Athens)، یونان کا دار السلطنت.	۶۰۳	۲
*	اَٹک:	دریاے سندھ اور دریاے کابل کے مقام اتصال سے ذرا نیچے پاکستان میں ایک قلعہ.	۶۰۵	۱
*	اَٹلس:	رک بہ اطلس.	۶۰۵	۱
*	الاُثال:	(الاَثال)، ایک آلۂ تصعید.	۶۰۵	۱
*	اَثر:	ایک دینی و علمی اصطلاح.	۶۰۵	۱
*	اِثنا عشریہ:	بارہ اماموں کو ماننے والا شیعی مسلک.	۶۰۵	۲
*	اجاَ و سلمٰی:	وسطی عرب میں الجبل کے دو پہاڑی سلسلے.	۶۰۷	۲
*	اِجازہ:	علم حدیث کی اصطلاح.	۶۰۸	۱
*	اِجتماع:	رک بہ استقبال.	۶۰۹	۱
*⊗	اِجتہاد:	ایک فقہی و علمی اصطلاح.	۶۰۹	۱
*	الاَجدابی:	رک بہ ابن الاجدابی.	۶۱۰	۲
*	اَجدابیہ:	برقہ (Cyrenaica) کا ایک شہر.	۶۱۰	۲
*	اَجر:	ایک فقہی، دینی و معاشرتی اصطلاح.	۶۱۱	۱
*	اَجُرُّومیہ:	رک بہ اُجُرُّوم.	۶۱۱	۲
*⊗	اَجَل:	کسی شے کی مدت زمانی، موت: ایک قرآنی اصطلاح.	۶۱۲	۱
*⊗	اِجماع:	ان چار اصولوں میں سے ایک جن سے شرع اسلامی ماخوذ ہے.	۶۱۲	۲
*	اَجمیر:	راجستھان (بھارت) میں اسی نام کی ایک سابقہ نیم خود مختار ریاست کا صدر مقام اور حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار کے لیے معروف.	۶۱۴	۱
*	اَجنادَین:	عہد فاروقی میں یونانیوں کے ساتھ ایک مشہور جنگ کا محلّ وقوع.	۶۱۴	۲
*	اَجوف:	رک بہ تصریف.	۶۱۵	۱
⊗	اُچ:	(اوچ، اوچھ، اوچہ) سابقہ ریاست بہاولپور میں پاکستان کا ایک نہایت قدیم اور مشہور شہر.	۶۱۵	۱
*	اَچے:	(اچیہ، اچن یا اَچِین)، جزیرہ سماٹرا کا سب سے شمالی حصّہ، ایک سابقہ اسلامی ریاست اور موجودہ جمہوریۂ انڈونیشیا کا ایک صوبہ.	۶۱۸	۱
*	اُچیالی:	(اوچیالی)، ۹۰۶ھ/۱۵۰۰ء-۹۹۵ھ/۱۵۸۷ء)، سولھویں صدی عیسوی کا ایک ترک امیر البحر.	۶۲۹	۲
⊗	احابیش:	عہد نبوی میں قریش مکّہ کے چند حلیف قبائل کا مجموعہ.	۶۳۰	۱
*	احادیث:	رک بہ حدیث.	۶۳۲	۲
⊗	اُحُد:	مدینۂ منوّرہ کے شمالی مضافات میں ایک پہاڑ اور وہاں لڑا جانے والا ایک نہایت اہم غزوہ.	۶۳۲	۲
*	اَحداث:	چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی اور چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے مابین شام اور بالائی الجزیرہ میں اہم خدمات انجام دینے والی رضا کار فوج.	۶۳۶	۲
*	اَحدیہ:	رک بہ اللہ، وحدہ.	۶۳۸	۱
*⊗	اِحرام:	حج بیت اللہ [رک بآن] اور عمرہ [رک بآن] کا ایک اہم رکن.	۶۳۸	۱
*	الاَحساء:	رک بہ (۱) الحَسا؛ (۲) ہفہوف.	۶۳۹	۱
*	الاَحسائی:	شیخ احمد بن زین الدین بن ابراہیم (۱۱۶۶ھ/۱۷۵۳ء-۱۲۴۱ھ/۱۸۲۶ء)، فرقۂ شیخی کا بانی.	۶۳۹	۱
⊗	احسن آباد گلبرگہ:	بہمنی سلطنت کا پہلا دار الحکومت، سابق ریاست حیدر آباد (دکن) کے ایک ضلع کا صدر مقام اور حضرت خواجہ گیسو درازؒ کے مزار اور آثار قدیمہ کے لیے معروف.	۶۳۹	۲
*	الاَحقاف:	قرآن مجید کی چھیالیسویں سورۃ، نیز ایک جغرافیائی اصطلاح.	۶۴۰	۲
*	اَحکام:	ایک قرآنی و شرعی اصطلاح.	۶۴۱	۱
*	اَحلاف:	رک بہ حلف.	۶۴۱	۱

	عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
*	اَحمد: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا ایک اسم مبارک.	۶۴۱	۲
*	احمد الاوّل: بن محمد ثالث (۹۹۸ھ/ ۱۵۹۰ء-۱۰۲۶ھ/ ۱۶۱۷ء)، چودھواں عثمانی سلطان (از ۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء).	۶۴۲	۲
*	احمد الثانی: بن سلطان ابراہیم (۱۰۵۲ھ/ ۱۶۴۲ء-۱۱۰۶ھ/ ۱۶۹۵ء)، اکیسواں عثمانی سلطان (از ۱۱۰۲ھ/ ۱۶۹۱ء).	۶۴۳	۲
*	احمد الثالث: بن محمد الرابع (۱۰۸۴ھ/ ۱۶۷۳ء-۱۱۴۹ھ/ ۱۶۳۶ء)، تئیسواں عثمانی سلطان (از ۱۱۱۵ھ/ ۱۷۰۳ء-۱۱۴۳ھ/ ۱۷۳۰ء).	۶۴۴	۱
*	احمد بن ابی خالد الاَحوَل: المأمون کا کاتب (سیکرٹری) اور اس کا دست راست (م ۲۱۱ھ/ ۸۲۶ء).	۶۴۸	۱
*	(سید) احمد شہیدؒ: رکّ بہ احمد بریلویؒ.	۶۴۹	۱
*	احمد بن ابی بکر: رکّ بہ (آل) محتاج.	۶۴۹	۱
*	احمد بن ابی دؤاد: ابوعبداللہ (۱۶۰ھ/ ۷۷۶ء-۲۴۰ھ/ ۸۵۴ء)، مشہور معتزلی قاضی القضاۃ اور عہد مامون و معتصم کی ایک اہم شخصیت.	۶۴۹	۱
*	احمد بن ابی طاہر طیفور: رکّ بہ ابن ابی طاہر.	۶۴۹	۲
*	احمد بن اِدریس: مراکش کے شریف اور متصوفین کے سلسلۂ ادریسیہ کے بانی (م ۱۲۵۳ھ/ ۱۸۳۷ء).	۶۴۹	۲
*	احمد بن حابِط: ایک معتزلی اور اپنی تعلیمات کے اعتبار سے ملحد عالم (حیات ۲۳۲ھ/ ۸۴۷ء).	۶۵۰	۱
*	احمدؒ بن حنبل: (۱۶۴ھ/ ۷۸۰ء-۲۴۱ھ/ ۸۵۵ء)، امام بغداد، مشہور و معروف عالم دین، اہل سنت کے مذاہب اربع میں سے حنابلہ کے بانی، وہابیت کے مورث اعلی اور تحریک سلفیہ کے محرک، نامور محدث اور فقیہ، معتبر مجموعہ احادیث مسند احمد بن حنبل کے مؤلف.	۶۵۰	۲
*	احمد بن خالد: ابوالعباس شہاب الدین احمد بن حماد الناصری السلاوی (۱۲۵۰ھ/ ۱۸۳۵ء-۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۷ء)، مراکشی مؤرخ اور کتاب الاستقصاء لاخبار دول المغرب الاقصی وغیرہ کا مصنّف.	۶۵۸	۱
*	احمد بن الخصیب: رکّ بہ الخصیب.	۶۵۹	۱
*	احمد بن خضر: رکّ بہ قرہ خانیہ.	۶۵۹	۱
*	احمد بن زینی دحلان: رکّ بہ دحلان.	۶۵۹	۱
*	احمد بن سعید: رکّ بہ بوسعید.	۶۵۹	۲
*	احمد بن سہل بن ہاشم: والی خراسان، سامانیوں کے عہد کی اہم سیاسی شخصیت (م ۳۰۷ھ/ ۹۲۰ء).	۶۵۹	۲
*	احمد بن طُولون: مصر میں طولونی خاندان کا بانی اور مصر کا شام سے الحاق کرنے والا پہلا مسلمان والی (م ۲۷۰ھ/ ۸۸۴ء).	۶۵۹	۲
*	احمد بن علی بن ثابت: رکّ بہ الخطیب البغدادی.	۶۶۱	۱
*	احمد بن عیسٰی: بن محمد بن علی بن العریض بن جعفر الصادقؒ، الملقب بہ المہاجر، ایک ولی اور حضرمی سادات کے مورث اعلٰی (م ۳۴۵ھ/ ۹۵۶ء).	۶۶۱	۱
*	احمد بن فضلان: رکّ بہ ابن فضلان.	۶۶۱	۲
*	احمد بن محمد بن حنبل: رکّ بہ احمد بن حنبل.	۶۶۱	۲
*	احمد بن محمد: بن عبدالصمد ابونصر، سلطان مسعود بن محمود غزنوی کا وزیر (حیات ۴۳۲ھ/ ۱۰۴۱ء).	۶۶۱	۲
*	احمد بن محمد بن عرفان: رکّ بہ احمد بریلوی.	۶۶۱	۲
*	احمد بن محمد المنصور: رکّ بہ احمد المنصور.	۶۶۲	۱
*	احمد بن یوسف: بن القاسم بن صُبَیح، یحیٰی برمکی کا کاتب، المأمون کا دیوان السّرہ اور دبیر خاص، بعض رسائل کا مصنّف (م ۲۱۳ھ/ ۸۲۸ء).	۶۶۲	۱
*	احمد احسان: ترک گوز (۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۹ء-۱۳۶۱ھ/ ۱۹۴۲ء)، ترکی مصنّف، مترجم اور صحافی، صاحب سفرنامۂ یورپ مطبوعات خاطر لری.	۶۶۲	۱
⊗	احمد احسائی، شیخ: (یا احمد لسائی) بن زین الدین (۱۱۶۶ھ/ ۱۷۵۳ء-۱۲۲۳ھ/ ۱۸۰۹ء)، سلسلۂ شیخیہ کے بزرگ و پیشوا اور جوامع الکلم وغیرہ کثیر التعداد کتب کے مصنّف.	۶۶۲	۲
*	احمد امین: (۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ء-۱۳۷۳ھ/ ۱۹۵۴ء)، ایک مصری فاضل اور فجر الاسلام، ضحی الاسلام وغیرہ کا مصنّف.	۶۶۶	۱
*	احمد بابا: پورا نام ابوالعباس احمد بن احمد التکروری الصنہاجی (۹۶۳ھ/ ۱۵۵۶ء-۱۰۳۶ھ/ ۱۶۲۷ء)، سوڈانی فقیہ، سوانح نگار اور مصنّف نیل الابتہاج بطریز الدیباج وغیرہ.	۶۶۶	۲
*	احمد البدوی: ابوالفتیان، المعروف بہ السید، نیز القطب (نواح ۵۹۶ھ/ ۱۱۹۹ء-۶۷۵ھ/ ۱۲۷۶ء)، مصر کے ایک مقبول ولی اور متعدد ادعیہ اور وصایا کے مصنّف.	۶۶۷	۲
*	احمد بے: تونس میں خاندان حسینیہ کا دسواں حکمران (۱۲۵۳ھ/ ۱۸۳۷ء-۱۲۷۱ھ/ ۱۸۵۵ء).	۶۶۹	۲

عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
✱ احمد بیجان:	رک بہ بیجان احمد.	۶۷۰	۲
✱ احمد پاشا:	عہد آل عثمان میں بغداد کے والی حسن پاشا کا بیٹا اور اس کی وفات کے بعد والی بغداد (م ۱۱۶۰ھ/ ۱۷۴۷ء).	۶۷۰	۲
✱ احمد پاشا بُرسلی:	پندرھویں صدی عیسوی میں شیخی کے بعد اور نجاتی سے پہلے اہم ترین ترکی شاعر (م ۹۰۲ھ/ ۱۴۹۶ء).	۶۷۱	۱
✱ احمد پاشا بونیوال:	Claude-Alexander Comte de Bonneval (۱۰۸۶ھ/ ۱۶۷۵ء - ۱۱۶۰ھ/ ۱۷۴۷ء)؛ ایک نومسلم ہسپانوی اور بعد ازاں ترکیہ کا سپہ سالار.	۶۷۲	۱
✱ احمد پاشا خائن:	عثمانی سلطان سلیمان اول کا وزیر اور سپہ سالار (م نواح ۹۳۱ھ/ ۱۵۲۴ء).	۶۷۲	۲
✱ احمد پاشا قرہ:	عثمانی سلطان سلیمان اوّل کا صدر اعظم (م ۹۶۲ھ/ ۱۵۵۵ء).	۶۷۳	۱
✱ احمد پاشا گدک:	(یا گدیک)، عثمانی سلطان محمد ثانی کے عہد میں ترکیہ کا صدر اعظم (حیات ۸۸۵ھ/ ۱۴۸۰ء).	۶۷۳	۲
✱ احمد تائب:	رک بہ عثمان زادہ.	۶۷۴	۲
⊗ احمد تتوی:	(ملا ٹھٹھوی)، بن نصر اللہ الدیبلی، ایک شیعی فاضل اور فارسی کتب، مثلاً تاریخ الفی وغیرہ کا مصنّف (م ۹۹۶ھ/ ۱۵۸۸ء).	۶۷۴	۲
✱ احمد تکودر:	رک بہ ایلخانیہ.	۶۷۶	۲
✱ احمد تھانیسری:	رک بہ تھانسیری.	۶۷۶	۲
✱ احمد جام:	(یا احمد جامی)، شہاب الدین ابونصر احمد، المعروف بہ ژندہ پیل (۴۴۱ھ/ ۱۰۴۹ء - ۵۳۶ھ/ ۱۱۴۱ء)، دور سلاجقہ کے ایرانی صوفی اور متعدد فارسی کتابوں کے مصنّف.	۶۷۶	۲
✱ احمد جزار:	رک بہ جزار پاشا.	۶۷۹	۱
✱ احمد جلائر:	رک بہ جلائر.	۶۷۹	۱
✱ احمد جودت پاشا:	(۱۲۳۷ھ/ ۱۸۲۲ء - ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۵ء)، مشہور ترکی ادیب، سیاست دان اور بہت سی کتب مثلاً قصص انبیاء و تواریخ خلفاء وغیرہ کا مصنّف.	۶۷۹	۱
✱ احمد حکمت:	(۱۲۸۷ھ/ ۱۸۷۰ء - ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۷ء)، الملقب بہ مفتی زادہ، ترکی ناول نگار اور صحافی.	۶۸۲	۱
⊗ احمد خان:	(۱۲۳۲ھ/ ۱۸۱۷ء - ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۸ء)، جواد الدولہ عارف جنگ ڈاکٹر سر سید احمد خان، انیسویں صدی عیسوی میں مسلمانان ہند کے عظیم رہنما، ادیب، عالم اور مصلح علی گڑھ کالج کے بانی اور بہت سی کتب مثلاً آثار الصنادید وغیرہ کے مصنّف.	۶۸۲	۲
✱ احمد الرازی:	رک بہ الرازی.	۶۸۶	۲
✱ احمد راسم:	ترکی ادیب، متعدد ناولوں اور افسانوں کے علاوہ ترکی تاریخ استبدادون حاکمیت ملیہ یہ کا مصنّف (م ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء).	۶۸۶	۲
✱ احمد رسمی:	احمد بن ابراہیم (۱۱۱۲ھ/ ۱۷۰۰ء - ۱۱۹۷ھ/ ۱۷۸۳ء)، ترکی مدبر مؤرخ اور حدیقۃ الرؤساء وغیرہ کا مصنّف.	۶۸۷	۲
✱ احمد رفیق:	ترک مؤرخ، فوجی افسر، مدیر اخبار عسکری مجموعہ اور مصنّف ھجری او چنجو وغیرہ (م ۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۷ء).	۶۸۸	۲
✱⊗ احمد، شیخ، سرہندیؒ:	(۹۷۱ھ/ ۱۵۶۴ء - ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) امام ربانی مجدد الف ثانیؒ ابوالبرکات بدر الدین شیخ احمد نقشبندی سرہندی، عہد اکبر و جہانگیر کے بہت بڑے عالم، فقیہ، مذہبی و سیاسی مصلح، الحاد و زندقہ کے استیصال اور اتباع شریعت، احیاے سنت اور اقامت دین کے داعی، تصوف کے سلسلۂ نقشبندیۂ مجددیہ کے بانی اور مصنّف مکتوبات وغیرہ.	۶۸۸	۲
✱ احمد شاہ:	ہندوستان کے کئی بادشاہوں کا نام: (۱) احمد شاہ بہادر، مجاہد الدین ابونصر بن محمد شاہ (۱۱۳۸ھ/ ۱۷۲۵ء - ۱۱۸۹ھ/ ۱۷۷۵ء)، مغل فرمانرواے ہند (از ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء)؛ (۲) احمد شاہ اول و ثانی و ثالث: دکن میں خاندان بہمنی [رک بآن] کے حکمران؛ (۳) احمد شاہ بن محمد شاہ، حاکم بنگالہ (۸۳۵ھ/ ۱۴۳۱ء - ۸۴۶ھ/ ۱۴۴۲ء)؛ (۴) احمد شاہ اول ثانی، شاہان گجرات [رک بآن]؛ (۵) احمد شاہ، خاندان نظام شاہی [رک بآن] کا بانی.	۶۹۱	۱
✱ احمد شاہ دُرّانی:	یا ابدالی (۱۱۳۶ھ/ ۱۷۲۴ء - ۱۱۸۴ھ/ ۱۷۷۳ء)، افغانستان کے سدوزئی خاندان کا پہلا حکمران اور درانی سلطنت کا بانی.	۶۹۱	۲
✱ احمد شوقی:	بن علی بن احمد شوقی (۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸ء - ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء)، بیسویں صدی کے نصف اوّل میں عربی کا مشہور ترین صاحب دیوان مصری شاعر.	۶۹۳	۲
⊗ احمد شہیدؒ، سیّد:	بن سیّد محمد عرفان (۱۲۰۱ھ/ ۱۷۸۶ء - ۱۲۴۶ھ/ ۱۸۳۱ء)، انیسویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں ہندوستان کے مشہور بزرگ، عالم باعمل، مصلح اور مجاہد، نیز چند رسالوں کے مصنّف.	۶۹۵	۱
✱ احمد الشیخ:	(آمدوسیکو)، مغربی سودان کے تکروری فاتح الحاج عمر تل کا بیٹا اور جانشین (م ۱۳۱۶ھ/ ۱۸۹۸ء).	۶۹۸	۲

	عنوان / اشارات	صفحہ	عمود
✱	احمد غلام خلیل: رک بہ غلام خلیل.	۶۹۹	۱
✱	احمد فارس الشدیاق: رک بہ فارس الشدیاق.	۶۹۹	۱
✱	احمد کوپرولو: رک بہ کوپرولو.	۶۹۹	۱
✱	احمد گران: بن ابراہیم صاحب الفتح، الغازی، حبشہ کی فتح اسلامی کا قائد (م ۹۴۹ھ/ ۱۵۴۳ء).	۶۹۹	۱
⊗	احمد مدحت افندی: (۱۲۶۰ھ/ ۱۸۴۴ء۔ ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء) ترک صحافی، مضمون نگار، ناول نویس، افسانہ نگار اور مترجم.	۶۹۹	۲
✱	احمد المنصور: بن سلطان محمد الشیخ المہدی (۹۵۶ھ/ ۱۵۴۹ء۔ ۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء)، مراکش کے خاندان سعدی [رک بآن] کا چھٹا حکمران (از ۹۸۶ھ/ ۱۵۷۸ء).	۷۰۳	۱
✱	احمد واصف: رک بہ واصف.	۷۰۴	۲
✱	احمد وفیق پاشا: (۱۲۳۸ھ/ ۱۸۲۳ء۔ ۱۳۰۸ھ/ ۱۸۹۱ء)، ترک مدبر اور ماہر ترکیات.	۷۰۴	۲
✱	احمد ولوبو: (شیخ احمد، سیکو احمد ولوبو، شیکو احمد و ـسہ) قبیلہ بری (یا سوگرہ یا دائبہ) کا مذہبی پیشوا اور سیاسی رہنما (م ۱۲۶۰ھ/ ۱۸۴۴ء).	۷۰۵	۲
⊗	احمد یسوی: خواجہ، پیر ترکستان، مشہور صوفی شاعر اور درویش سلسلۂ یسوی کے بانی (م ۵۶۲ھ/ ۱۱۶۶ء).	۷۰۶	۲
✱	احمد یکنکی ادیب: بارھویں صدی ہجری کے ابتدائی زمانے کا ترکی شاعر اور مصنّف عیبۃ الحقائق.	۷۱۲	۱
✱	احمد آباد: بھارت میں ایک ضلع اور اس کا صدر مقام اور اسلامی ہند کا تاریخی شہر.	۷۱۲	۱
✱	احمد نگر: بھارت کے ایک ضلع کا صدر مقام؛ پندرھویں سولھویں صدی عیسوی میں نظام شاہی خاندان کا دارالحکومت.	۷۱۲	۲
✱	احمدو: رک بہ احمد شیخ.	۷۱۲	۲
✱	احمدی رک بہ سکہ.	۷۱۳	۱
✱	احمدی: تاج الدین ابراہیم بن خضر، آٹھویں صدی ہجری کا سب سے بڑا ترکی شاعر اور مصنّف اسکندر نامہ وغیرہ (م ۸۱۵ھ/ ۱۴۱۳ء).	۷۱۳	۱
✱	احمدیہ: رک بہ غلام احمد.	۷۱۳	۲
✱	احمدیلی: مراغہ کا ایک شاہی خاندان.	۷۱۳	۲
✱	احمر، بنو: خاندان بنو نصر [رک بآن] کے بنو الاحمر کا نسبی نام (رک بہ نصر، بنو) اخوان الصفا.	۷۱۵	۱
✱	الاحنف بن قیس: ابو بحر صخر بن قیس بن معاویہ التمیمی السعدی المنقری (۳ق ھ/ ۶۱۹ء۔ ۷۲ھ/ ۶۹۱ء)، بصرے کے ایک تمیمی شیخ اور ابتدائی اسلامی عہد کے سپہ سالار.	۷۱۵	۱
✱	الاحوص: عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن عاصم بن ثابت (م نواح ۳۵ھ/ ۶۵۵ء۔ ۱۱۰ھ/ ۷۲۸ء)، اموی عہد کا ایک رومانی شاعر.	۷۱۶	۱
✱	اِحیاء: ایک فقہی اصطلاح.	۷۱۷	۱
✱	اَخ: رک بہ (۱) عائلہ؛ (۲) اخوان؛ (۳) مؤاخاۃ.	۷۱۷	۱
✱	اَخبار: رک بہ تاریخ.	۷۱۷	۱
✱	اَخبار مجموعہ: فتح اندلس سے متعلق کسی گمنام مصنّف کی لکھی ہوئی مختصر تاریخ.	۷۱۷	۱
✱	اختری: مصلح الدین مصطفٰی شمس الدین القرہ حصاری، عربی ترکی لغت اختری کبیر کا مصنّف (م ۹۶۸ھ/ ۱۵۶۱ء).	۷۱۷	۲
✱	اِختلاج: طب کی اصطلاح؛ نیز علم الاختلاج، یعنی اعضا کی غیر ارادی لرزش سے پیشگوئی کرنا.	۷۱۷	۲
✱	اِختلاف: اجماع کے بالمقابل ایک فقہی اصطلاح.	۷۱۸	۱
✱	الاَخرس: عبدالغفار بن عبدالواحد بن وہب (نواح ۱۲۲۰ھ/ ۱۸۰۵ء۔ ۱۲۹۰ھ/ ۱۸۷۴ء)، عراق کا عرب شاعر.	۷۱۸	۱
✱	اَخرتر: رک بہ نجوم.	۷۱۸	۲
✱	اَخسیکث: یا اخشیکث، چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں فرغانہ کا دارالسلطنت.	۷۱۸	۲
✱	اَخشام: رک بہ صلوۃ.	۷۱۹	۱
✱	اِخشیدیہ: چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں مصر کا حکمران خاندان؛ نیز رک بہ مصر.	۷۱۹	۱
✱	الاخضر: شمالی افریقہ میں شخصی نام، الخضر کی غیر فصیح مستقل صورت.	۷۲۰	۱
✱	الاخضری: ابو زید عبدالرحمٰن بن سیدی محمد الصغیر، دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی کا الجزائری فاضل اور مصنّف السُلّم المرونق وغیرہ.	۷۲۰	۱

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
✱	الاَخطل:	غیاث بن غوث بن الصلت (نواح ۲۰ھ/ ۶۴۰ء - ۹۲ھ/ ۷۱۰ء)، اموی عہد کا مشہور عیسائی صاحب دیوان عرب شاعر.	۷۲۰	۲
✱	الاَخفش:	متعدد نحویوں کا عرف، مثلاً: (۱) ابو الخطاب عبدالحمید بن عبدالمجید، بہت سی نظموں کا اولیں شارح (م ۱۷۷ھ/ ۷۹۳ء)؛ (۲) الاخفش الاوسط: ابو الحسن سعید بن مَسْعَدہ، غریب القرآن وغیرہ متعدد کتب کا مصنّف (م مابین ۲۱۰ھ/ ۸۲۵ء و ۲۲۱ھ/ ۸۳۵ء)؛ (۳) الاخفش الاصغر: ابو الحسن علی بن سلیمان، چند کتب نحو کا مؤلف (م ۳۱۵ھ/ ۹۲۷ء).	۷۲۲	۱
✱	اِخلاص:	ایک قرآنی اصطلاح؛ نیز قرآن مجید کی ایک سورۃ.	۷۲۲	۲
✱	اَخلاط:	یا خِلاط، جھیل وان کے شمال مغربی کنارے پر ایک شہر اور قلعہ.	۷۲۳	۱
⊗	اِخلاق:	بالائی مذہبی، فکری، معاشرتی اور فلسفیانہ اصطلاح.	۷۲۴	۲
✱	اَخمیم:	بالائی مصر میں دریاے نیل کے مشرقی کنارے پر ایک شہر اور مشہور صوفی حضرت ذوالنونؒ کی جاے ولادت.	۷۳۰	۲
✱	اُخنُوخ:	رکّ بہ ادریس علیہ السلام.	۷۳۱	۱
✱	اِخوان الصَّفاء:	چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں ایک سیاسی، مذہبی اور فلسفی جماعت.	۷۳۱	۱
⊗	الاخوان المسلمون:	جمعیۃ؛ حسن البنا (۱۹۰۶-۱۹۴۹ء) کی قائم کردہ مصر کی ایک سیاسی و مذہبی جماعت.	۷۳۲	۱
⊗	اَخوند:	وسطی ایشیا اور تیموری دور کے بعد ایران میں علما کے لیے ''حوجہ افندی'' کی جگہ مستعمل لقب.	۷۳۷	۲
⊗	اَخوند پنجو:	شیخ عبدالوہاب ابر پوری پشاوری معروف بہ سید غازی (۹۴۳ھ/ ۱۵۳۶ء - ۱۰۴۰ھ/ ۱۶۳۰ء)، صاحب کشف و کرامات ولی اللہ.	۷۳۸	۱
⊗	اَخوند درویزہ:	ننگرہاری ثم پشاوری، پشاور کے مشہور ولی اللہ اور عالم دین، مصنّف تذکرۃ الابرار و الاشرار وغیرہ (م ۱۰۴۸ھ/ ۱۳۶۸ء).	۷۳۸	۲
✱	اخوندزادہ:	مرزا فتح علی (۱۲۲۸ھ/ ۱۸۱۳ء - ۱۲۹۵ھ/ ۱۸۷۸ء) ترکی روزمرہ میں پہلا طبع زاد تمثیل نگار، مصنّف حکایت ملا ابراھیم خلیل کیمیا گر وغیرہ.	۷۴۰	۱
⊗	اَخوند صاحب سوات:	میاں عبدالغفور بن عبدالواحد (نواح ۱۱۹۹ھ/ ۱۷۸۴ء - ۱۲۹۴ھ/ ۱۸۷۷ء)، مشہور روحانی پیشوا، مجاہد اور ریاست سوات (پاکستان) کے بانی.	۷۴۱	۲
✱	اَخی:	تیرھویں اور چودھوی صدی عیسوی میں اناطولیہ کے پیشہ وروں کی انجمنوں (guilds) کے رؤسا کا لقب.	۷۴۳	۱
✱	اَخی اِوران:	نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی میں ترکیہ کا ایک نیم افسانوی ولی، دباغوں کی انجمنوں کا سرپرست.	۷۴۶	۱
✱	اَخی بابا:	قیر شہر میں اوران کے تکیے کے شیخ، نیز اہل حرفہ کی انجمنوں کے صدر کا لقب.	۷۴۷	۱
✱	اَخی جوق:	اخی خورد، آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں تبریز کا ایک امیر (م نواح ۷۶۰ھ/ ۱۳۵۹ء).	۷۴۸	۱
✱	اُخیضِر:	صحراے عراق میں کربلا سے ۲۵ میل دور، چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں کوفے کے قرامطی والی اسمٰعیل بن یوسف الاخیضر کا تعمیر کردہ قلعہ.	۷۴۸	۱
✱	اَداء:	ایک فقہی اصطلاح.	۷۴۹	۱
✱	اَدات:	رکّ بہ نحو.	۷۴۹	۱
✱	اَدار:	یا آذار، رکّ بہ تاریخ.	۷۴۹	۱
✱	اَدب:	ایک اسلامی، فکری، تاریخی و ثقافتی اصطلاح.	۷۴۹	۱
✱	اَدبیات جدیدہ:	ترکیہ کی نئی ادبی تحریک، رکّ بہ ترکی ادب.	۷۵۰	۲
✱	اِدغام:	عربی صرف کی ایک اصطلاح.	۷۵۰	۲
✱	اِدرار:	جبال کے لیے بربری اصطلاح، جس کا اطلاق صحراے اعظم کے متعدد کوہستانوں پر ہوتا ہے.	۷۵۱	۱
✱	اَدرامیت:	مغربی ترکیہ کا ایک شہر.	۷۵۳	۱
✱	اِدرنہ:	ایڈریانوپل، ترکیہ کا ایک اہم شہر اور قدیم زمانے میں دارالسطنت.	۷۵۳	۲
⊗	اِدریسؑ:	قرآن مجید میں مذکور ایک قدیم پیغمبر.	۷۵۸	۲
✱	اِدَریس اوّل:	بن عبداللہ بن عبداللہ بن الحسن، المغرب میں ادریسیہ خاندان کا علوی بانی (م ۱۷۷ھ/ ۷۹۳ء).	۷۶۰	۲
✱	اِدریس ثانی:	ادریس اوّل کا بیٹا اور جانشین (از ۱۷۷ھ/ ۷۹۳ء - ۲۱۳ھ/ ۸۲۸ء).	۷۶۱	۱
✱	الاِدریسی:	ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن ادریس الحمودی (۴۹۳ھ/ ۱۱۰۰ء - ۵۶۰ھ/ ۱۱۶۵ء)، اندلسی جغرافیہ دان، سیاح اور الممالک و المسالک وغیرہ کا مصنّف.	۷۶۲	۱

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
✱	اِدْرِیسیّہ:	تیسری چوتھی صدی ہجری/نویں دسویں صدی عیسوی میں المغرب کا حکمران خاندان.	۷۶۳	۱
✱	اُدِغہ:	رک بہ چرکس.	۷۶۴	۱
✱	اُدفو:	(ادفو یا اَنفو)، دریاے نیل کے مغربی کنارے پر بالائی مصر میں ایک صوبے کا صدر مقام.	۷۶۴	۱
✱	اَدل:	حبشہ کے مسلمانوں اور عیسائیوں کی باہمی جنگوں میں اہم حصہ لینے والی مشرقی افریقہ کی ایک اسلامی ریاست.	۷۶۴	۲
✱	اَدَلیہ:	رک بہ انتلیہ.	۷۶۵	۱
✱	اُدَمَوَہ:	مغربی افریقہ کے عقبی علاقے میں فُلنی جہاد کے قائد سے موسوم ایک خطے کا نام.	۷۶۵	۱
✱	اَدَنہ:	(۱) جنوبی اَناطولی کا ایک شہر؛ (۲) سلطنت عثمانیہ کی ایک ولایت.	۷۶۸	۱
✱	اَدویہ:	ایک طبّی اصطلاح.	۷۷۱	۲
✱	اَدہ:	[اَطہ]، ایک ترکی جغرافیائی اصطلاح، بمعنی جزیرہ یا جزیرہ نما.	۷۷۴	۲
✱	ادہ پازاری:	(اَطہ بازاری)، ترکیہ کے صوبہ قوجہ ایلی کا ایک بارونق شہر.	۷۷۴	۲
✱	اَدہ [اَطہ] قلعہ:	رومانیا میں واقع ایک جزیرہ.	۷۷۴	۲
✱	ادہم خلیل:	رک بہ الدم، خلیل ادہم.	۷۷۵	۲
✱	ادہمیہ:	مشہور صوفی ابراہیم ابن ادہم کا سلسلۂ درویشی.	۷۷۵	۲
⊗	ادیب صابر:	شہاب الدین صابر بن اسمٰعیل، مشہور فارسی شاعر (م ۵۴۶ھ/ ۱۵۵۲ھ).	۷۷۵	۲
⊗	اذان:	اعلان صلوٰۃ، اسلام کے معروف شعائر میں سے ایک.	۷۷۶	۲
✱	اَذَرُح:	شاذ طور پر اُذْرُح؛ معان اور الرقیم کے درمیان ایک مقام.	۷۷۸	۱
✱	اذرعات:	بائیبل کا ادری (Edrai)، موجودہ درعہ [دَراعا]، دمشق کے جنوب میں ولایت حوران کا صدر مقام.	۷۷۸	۲
✱	اَذَرگُون:	(اَذَریون)، تقریباً دو تین فٹ اونچا ایک پودا.	۷۷۹	۱
✱	اِذْن:	غلاموں سے متعلق قوانین میں ایک فقہی اصطلاح.	۷۷۹	۲
✱	الاَذواء:	ذو کی جمع مکسّر؛ ذو سے شروع ہونے والے ناموں کے یمنی بادشاہ اور امرا.	۷۷۹	۲
✱	اَراکان:	زیریں برما کا انتہائی مغربی حصہ.	۷۸۰	۱
✱	ارامار:	اُرمر، ترکیہ میں جلولر اور اِشتازن کے ناحیوں پر مشتمل ایک قضا.	۷۸۱	۲
✱	اِربد:	یا اَربد، ایک قدیم شہر اربلہ کا نام؛ نیز رک بہ اربل.	۷۸۳	۲
✱	اَرَبسک:	(Arabesque)، رک بہ فن: الزخرفۃ الاسلامیۃ.	۷۸۴	۱
✱	اربل:	قدیم اربلہ، ولایت موصل کا ایک شہر؛ نیز عراق عرب میں اس نام کے متعدد شہر.	۷۸۴	۱
✱	اَربُونہ:	(Norbonna)، ۱۰۰ھ/ ۷۱۹ء میں مسلمانوں کا مفتوحہ فرانسیسی شہر.	۷۸۸	۲
✱	ارپا:	ترکی میں جو۔ ارپہ دانہ سی (= دانۂ جو) کی اصطلاح عثمانی عہد حکومت میں وزن اور پیمانے دونوں کے لیے استعمال ہوتی تھی.	۷۸۹	۱
✱	اَرپالِیق:	عثمانی عہد حکومت میں انیسویں صدی عیسوی تک مستعمل ایک سرکاری مالیاتی اصطلاح.	۷۸۹	۱
✱	اَرِتریا:	(Aritria)، شمال مشرقی افریقہ میں بحر احمر کے کنارے مسلمانوں کی خاصی آبادی والا علاقہ.	۷۸۹	۲
✱	اَرتسرونی:	ارمینیہ میں وسپرکان کا جاگیردار خاندان.	۷۹۱	۲
✱	اِرتش:	سائبیریا کا ایک بڑا دریا.	۷۹۳	۱
✱	اِرتفاع:	علم ہیئت کی ایک اصطلاح.	۷۹۴	۱
✱	اَرتُقیہ:	پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی سے نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی تک دیار بکر کا حکمران ترک خاندان.	۷۹۴	۱
✱	اِرتن:	(بربر: اَیت ارتن؛ عربی: بنو رتن)، قبائلیہ کلاں کا ایک قبیلہ.	۸۰۰	۱
✱	ارتنا:	(ارا تنا) او یغوری نسل کا ایک سردار اور ایشیاے کوچک میں ایل خانی حکومت کا جانشین (م ۷۵۳ھ/ ۱۳۵۲ء).	۸۰۰	۲
✱	اُرُج:	پندرھویں صدی عیسوی کا ایک عثمانی مؤرخ اور تواریخ آل عثمان وغیرہ کا مصنف.	۸۰۲	۱
✱	ارجیاس (یا ارجیس) طاغی:	وسطی اناطولی کا بلند ترین پہاڑ.	۸۰۲	۲
✱	اَرچی:	(ارشدب)، بالائی داغستان کی ایک قلیل التعداد قفقازی قوم.	۸۰۳	۱
✱	اَرَدبّ:	رک بہ کَیل.	۸۰۳	۲

	عنوان	اشارات	صفحہ	عمود
*	اَرْدَبیل:	مشرقی آذربیجان کا ایک ضلع اور شہر.	۸۰۳	۲
*	اَردِستان:	(اَروسون)، ایران کا ایک شہر اور خسرواوّل انوشیرواں کی جاے ولادت.	۸۰۴	۲
*	اَردَشیر:	ایرانی فرمانرواؤں کا مشہور نام؛ نیز رکّ بہ ساسانیہ.	۸۰۴	۲
*	اردشیر خُرّہ:	رکّ بہ فیروز آباد.	۸۰۵	۱
*	اَردَکان:	(اَردکون)، ایران کا ایک شہر.	۸۰۵	۱
*	اِردل:	(اردیل یا اردلستان)، رومانیہ میں مغربی حصّے پر مشتمل ٹرانسلوینیا کا موجودہ صوبہ.	۸۰۵	۲
*	اردلان:	ایرانی صوبۂ کردستان کا سابقہ نام.	۸۰۸	۲
*	الأُرْدُن:	(یَرْدُن)؛ (۱) فلسطین کا مشہور دریا؛ (۲) جلیلَین (وادی اردن اور شرق اردن کے مغربی حصّے) پر مشتمل عربوں کا ایک صوبہ، یعنی جند الاردن.	۸۰۹	۱
⊗	اُردُو:	غیر منقسم ہندوستان کی لنگوا فرینکا اور پاکستان کی قومی زبان اور اس کا ادب.	۸۱۱	۲
*	اُردی بہشت:	رکّ بہ تاریخ.	۸۳۳	۲
*	اَرَر:	رکّ بہ ہرر.	۸۳۳	۲
*	اَرَرات:	رکّ بہ جبل الحارث.	۸۳۳	۲
*	اَرّان:	ماوراے قفقاز کا تمام مشرقی علاقہ، موجودہ سوویٹ آذربیجان.	۸۳۳	۲
*	اَرّجان:	فارس کا ایک شہر.	۸۳۵	۱
*	اَرَّجانی:	ناصح الدین ابوبکر احمد بن محمد الانصاری (۴۶۰ھ/۱۰۶۷ء - ۵۴۴ھ/۱۱۵۰ء)، ایک عرب شاعر.	۸۳۵	۲
*	ارزچیل:	Arzachel، رکّ بہ الزرقالی.	۸۳۶	۱
*	ارزروم:	ترکی ارمینیہ میں ایک ولایت اور اس کا صدر مقام.	۸۳۶	۱
*	ارزن:	مشرقی اناطولی کے متعدد شہروں کا نام، جن میں سے اہم ترین دریاے دجلہ کے معاون ارزن کے کنارے واقع ہے.	۸۳۷	۱
*	اِرزنجان:	ولایت ارزروم میں ایک سنجاق کا صدر مقام.	۸۳۷	۲
*	ارزن الروم:	رکّ بہ ارزروم.	۸۳۸	۲
*	اَرَس:	رکّ بہ اَلرَّس.	۸۳۸	۲
*	ارسطو طالیس یا ارسطو:	(Aristotle)، چوتھی صدی قبل مسیح کا شہرہ آفاق یونانی فلسفی اور مقولات (*Categories*)، بوطیقا (*Poetics*) وغیرہ متعدد بلند پایہ کتب کا مصنّف.	۸۳۸	۲
*	اَرْش:	رکّ بہ دیۃ.	۸۴۲	۲
*	اَرشُذونہ:	اُرجذونہ)، ہسپانیہ کے موجودہ صوبہ مالقہ میں ایک قدیم شہر.	۸۴۲	۲
*	اَرش گُول:	ساحل الجزائر پر ایک شہر (اب ناپید).	۸۴۳	۱
*	اَرشِین:	رکّ بہ ذراع.	۸۴۳	۲
*	اَرض:	رکّ بہ کرۃ الارض؛ نیز قانون اراضی کے لیے رکّ بہ (۱) اقطاع، (۲) تیار، (۳) خاص، (۴) خالصہ، (۵) خراج، (۶) زعامت، (۷) عُشر، (۸) قطیعہ، (۹) مساحۃ، (۱۰) مقاسمہ، (۱۱) ملک، (۱۲) وقف؛ مزید براں [آ]، لائیڈن ۲ میں رکّ بہ (۱) سیورغال، (۲) متروک، (۳) محلول، (۴) مقاطعہ، (۵) موات.	۸۴۳	۲
*	اَرَضۃ:	گرم ممالک میں پایا جانے والا ایک کیڑا (دیمک).	۸۴۳	۲
*	اِرطُغرُل:	(۱) ابن سلیمان شاہ، ترکی کے عثمانی خاندان اور سلطنت کے بانی عثمان اوّل کا باپ (م غالباً ۶۸۰ھ/۱۲۸۱ء)؛ (۲) ابن بایزید اوّل (۷۷۸ھ/۱۳۷۶ء - ۷۹۸ھ/۱۳۹۶ء).	۸۴۴	۱
*	اُرغَن:	اُرغنون، ایک آلۂ موسیقی.	۸۴۴	۲
*	اَرغَنۃ:	رکّ بہ اِرگنی.	۸۴۷	۲
*	اَرغُون:	رکّ بہ ایلخانیہ.	۸۴۷	۲